وضوسے فارغ ہونے کے بعد کی دعا

وضو شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہنا چاہیے (ترمذی)

اچھی طرح وضو کرنے کر بعد یہ دعا پڑھنی چاہیے

« أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ»

"میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں"۔

جو شخص یہ دعا پڑھے گا اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جائیں گے جن میں سے بھی وہ چاہے داخل ہو گا"۔(مسلم)

اس کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیے

" اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ "

" اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں میں سے بنا اور خوب پاک صاف رہنے والوں میں سے بنا"۔(ترمذی)

یا یہ دعا پڑھے

«سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ»

" اے اللہ تو پاک ہے۔ اور تیری حمد کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے ہی مغفرت چاہتا ہوں اور تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں"۔